رول نمبر اُمیدوار : ________

**اُردو (لازمی)**   **دوسرا گروپ**   **(1st A 423-IV) انٹرمیڈیٹ پارٹ-II، کلاس 12th**   **پرچہ II**

**وقت: 20 منٹ**   **معروضی**   **Code: 8028 ......**   **مارکس: 20**

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

.1 **(الف)** درست جواب کا اِنتخاب کیجئے : (5)

1 - حیدرآباد سے پنشن لے کر مولوی نذیر احمد آئے
(A) دلی (B) لکھنؤ (C) پانی پت (D) علی گڑھ

2 - ڈرامہ " قرطبہ کا قاضی " میں قاضی کا نام تھا
(A) عبداللہ (B) زبیر (C) منصور (D) یحییٰ بن منصور

3 - مکران کا گورنر تھا
(A) محمد بن ہارون (B) ولید بن عبدالملک (C) حجاج بن یوسف (D) مسلمہ بن عبدالملک

4 - ڈاکٹر زیدی جس مرض میں مبتلا تھا
(A) نمونیا (B) وہم (C) ملیریا (D) تپِ دِق

5 - خدا کسی شریف انسان کو نہ لے جائے
(A) دہلی (B) لکھنو (C) کلکتہ (D) ممبئی

**(ب)** مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے : (5)

6 - گھر ماں کی سلطنت ________ ۔
(A) ہوتی ہے (B) ہوتے ہیں (C) ہوتا ہے (D) ہوتیں ہیں

7 - وہ محنتی ہے ________ ذہین نہیں۔
(A) کیونکہ (B) چوں کہ (C) تاکہ (D) البتہ

8 - وہ صرف حافظ ہی نہیں ________ عالم بھی ہے۔
(A) بلکہ (B) جب کہ (C) حالاں کہ (D) اگرچہ

9 - ________ دوا کی توں توں مرض بڑھتا گیا۔
(A) جیسے جیسے (B) جوں جوں (C) تیسے تیسے (D) توں توں

10 - فضول باتوں سے رعب اور وقار ________ ۔
(A) جاتے رہتے ہیں (B) جاتی رہتی ہے (C) جاتیں رہتیں ہیں (D) جاتا رہتا ہے

**(ج)** رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجئے : (5)

11 - جملۂ معترضہ کو لکھا جاتا ہے
(A) واوین میں (B) قوسین میں (C) تفصیلیہ میں (D) سوالیہ میں

12 - فجائیہ استعمال ہوتا ہے
(A) جذبات کے اظہار کے لیے (B) مکمل ٹھہراؤ کے لیے (C) قول کے اِردگرد (D) مختصر ٹھہراؤ کے لیے

13 - تفصیلیہ کی علامت ہے
(A) : (B) ! (C) ( ) (D) :-

14 - اُف ________ کتنی گرمی ہے۔
(A) ! (B) : (C) ؟ (D) ۔

15 - ( : ) یہ علامت ہے
(A) وقفہ کی (B) رابطہ کی (C) سکتہ کی (D) ندائیہ کی

**(د)** اِمدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجئے : (5)

16 - رکھنا :
(A) تمہارا نام کس نے رکھا؟ (B) تمہارا خط سنبھال رکھا ہے۔ (C) کتاب واپس رکھ دو۔ (D) اپنا خیال رکھنا۔

17 - ہونا :
(A) بچہ سویا ہوا ہے۔ (B) جلسہ ہو رہا ہے۔ (C) ناراض مت ہونا۔ (D) وہ تندرست ہو گیا۔

18 - رہنا :
(A) وہ لاہور رہتا ہے۔ (B) تم پریشان کیوں رہتے ہو۔ (C) ہم مری جا رہے ہیں۔ (D) وہ ساری عمر کرائے کے مکان میں رہا۔

19 - کرنا :
(A) تم فکر نہ کرنا۔ (B) نماز پڑھا کرو۔ (C) وہ تقریر کرتا رہتا ہے۔ (D) کچھ تو ہمارا خیال کرو۔

20 - لگنا :
(A) تم میرے کیا لگتے ہو؟ (B) علی سکول جانے لگا ہے۔ (C) لگتا ہے بارش ہو گی۔ (D) کشتی کنارے لگ گئی ہے۔